**8th August, 2024**

# AMONG SOCIAL MEDIA USERS, AROUND 2 IN 5 PAKISTANIS (22%) SAY THAT THEY CURRENTLY HAVE OR USED TO HAVE ONLINE FRIENDS OF THE OPPOSITE GENDER: GALLUP & GILANI PAKISTAN

سوشل میڈیا کا استعمال کرنے والے افراد میں، تقریباً ہر 5 میں سے 2 پاکستانیوں (22% ) کا کہنا ہے کہ اس وقت اُن کے opposite جنس کےآن لائن دوست (جیسے مردحضرات کی خواتین دوست اور خواتین کے مردحضرات دوست) ہیں یا ماضی میں ہوا کرتے تھے۔

Question: Sometimes people communicate with other people (e.g. men with women and women with men) and become friends online through social media such as Tik Tok, Facebook or Instagram. Please tell if you have any online friends now or have had any in the past or have you never made any online friends?



(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## سماجی

سماجی رویے

سوشل میڈیا ایپ کے استعمال اوراس کے حوالے سے عوامی رائے پر 3 پریس ریلیز سیریز کا دوسرا حصہ

## سوشل میڈیا کا استعمال کرنے والے افراد میں، تقریباً ہر 5 میں سے 2 پاکستانیوں (22%) کا کہنا ہے کہ اس وقت اُن کے opposite جنس کے آن لائن دوست (جیسے مرد حضرات کی خواتین دوست اور خواتین کے مرد حضرات دوست) ہیں یا ماضی میں ہوا کرتے تھے۔

**(گیلپ&گیلانی پاکستان)،**


(اسلام آباد) ،08 اگست، 2024

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، سوشل میڈیا کا استعمال کرنے والے افراد میں، سوشل میڈیا کا استعمال کرنے والے افراد میں، تقریباً ہر 5 میں سے 2 پاکستانیوں (22%) کا کہنا ہے کہ اس وقت اُن کے opposite جنس کے آن لائن دوست (جیسے مرد حضرات کی خواتین دوست اور خواتین کے مرد حضرات دوست) ہیں یا ماضی میں ہوا کرتے تھے۔ سروے کے نتائج سے یہ سامنے آتاہے کہ سوشل میڈیا پر opposite جینڈر کے آن لائن دوست بنانے کی سب سے زیادہ شرح مرد حضرات، دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد اور 50 سال سے زائد عمر کے پاکستانیوں میں پائی گئی۔

یہ پریس ریلیز گیلپ پاکستان کی جانب سے سوشل میڈیا ایپ کے استعمال اوراس پر عوام کی رائے کے حوالے سے جاری ہونے والی پریس ریلیز کی سیریز کا حصہ ہے۔اس پریس ریلیز کی سیریز کی پہلی رپورٹ تک رسائی حاصل کرنے کیلئے برائے مہربانی یہاں کلک کریں۔


سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات جو سوشل میڈیا کا استعمال کرتے ہیں سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"بعض اوقات لوگ سوشل میڈیا جیسے ٹک ٹاک، فیس بک یا انسٹا گرام کے ذریعے دوسرے لوگوں سے (جیسے مرد خواتین سے اور خواتین مردوں سے) بات چیت کرتے ہیں اور آن لائن دوست بن جاتے ہیں۔برائے مہربانی بتائیں کہ کیاآپ کا اس وقت کوئی آن لائن دوست ہے یا ماضی میں ایسا کوئی دوست رہاہے یا آپ کبھی آن لائن دوست نہیں بنایا ؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 18% جوابدہندگان کے مطابق ''ہاں'' ابھی بھی اُن کا آن لائن دوست ہے، 4% جوابدہندگان کے مطابق ''ہاں'' ماضی میں اُن کا آن لائن دوست رہاہے لیکن اب نہیں ہے، جبکہ 76% جوابدہندگان کے مطابق ''نہیں'' وہ آن لائن دوست نہیں بناتے ہیں، تاہم 2% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

**"بعض اوقات لوگ سوشل میڈیا جیسے ٹک ٹاک، فیس بک یا انسٹا گرام کے ذریعے دوسرے لوگوں سے (جیسے مرد خواتین سے اور خواتین مردوں سے) بات چیت کرتے ہیں اور آن لائن دوست بن جاتے ہیں۔برائے مہربانی بتائیں کہ کیاآپ کا اس وقت کوئی آن لائن دوست ہے یا ماضی میں ایسا کوئی دوست رہاہے یا آپ کبھی آن لائن دوست نہیں بنایا؟"**





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com*

**جنس کے اعتبار سے:** سوشل میڈیا ایپس جیسے کہ ٹک ٹاک، فیس بک یا انسٹا گرام پر ابھی بھی opposite جنس کے آن لائن دوست ہونے/ ماضی میں آن لائن دوست بنانے کا دعویٰ کرنے والوں کی شرح سوشل میڈیا کا استعمال کرنے والی پاکستانی خواتین (10%) کی نسبت پاکستانی مرد حضرات (31%) میں زیادہ پائی گئی۔ خواتین (87%) میں opposite جنس کے آن لائن دوست بنانے کی شرح مرد حضرات (68%) کے مقابلے میں کم رہی۔





*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی۔شہری علاقوں کے اعتبار سے:** پاکستان میں شہری علاقوں میں رہنے والے افراد (20%) کی نسبت، دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (24%) میں اس وقت opposite جنس کے آن لائن دوست ہونے یا ماضی میں ہوا کرنے کے حوالے سے شرح زیادہ پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**<u>عمر کے اعتبار سے</u>:** سوشل میڈیا یا opposite جنس کے آن لائن دوست ہونے یا ماضی میں ہوا کرنے کے حوالے سے شرح حیرت انگیز طور پر '50 سال سے زائد' عمر کے پاکستانیوں میں زیادہ (31%) پائی گئی، اس کے بعد اس حوالے سے زیادہ شرح '30 سال سے کم' عمر کے گروپ کے افراد میں (23%) اور '30 سے 50 سال' عمر کے گروپ کے افراد میں (20%) پائی گئی۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹر نیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی 367 مرد و خواتین سے 28 جون تا 10 جولائی 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 8th August, 2024**

*(4 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2024

celebrating
44
years
of Gallup Pakistan
(1980-2024)